سال سوم

انکم ٹیکس کے ابتدائی اُصول

مفوضہ کام-1

(اکائی 1 تا 6)

حصہ الف

درجہ ذیل سے کوئی دو سوالات کے جواب 30 سطروں میں لکھئے۔ (2x10=20)

1۔a) شخص۔ b.) مشخص الیہ c) مستقل اکاونٹ نمبر d) تشخیصی سال e) سال گذشتہ پر مختصر نوٹ لکھئے۔

2۔رہائشی رتبہ کے تعین کے قواعد بیان کیجئے۔

3۔کلیم y لمیٹیڈ میں ملازم ہیں ان کی تفصیلات درجہ ذیل ہیں۔

سبکدوشی کی تاریخ	6 مارچ 2018
مدت ملازمت	27 سال 10 ماہ
موصولہ گرایجویٹی	10,00,000 روپۓ۔

مارچ 2018 سے فوری قبل کے 10 ماہ کے دوران موصولہ تنخواہ 36000 روپۓ تشخیصی سال 19-2018 کیلئے کلیم کے ہاتھوں قابل ٹیکس گرایجویٹی محسوب کیجئے۔

4۔تنخواہ سے کیا مراد ہے؟ اسکے چند اہم نکات بیان کیجئے۔

حصہ ب

درجہ ذیل سے کوئی دو سوالات کے جواب دیجئے ہر جواب 15 سطروں سے زائد نہ ہو۔ (2x5=10)

5۔A کا مملوکہ اور اسکے ڈایریکٹر B کے زیر استعمال رہائشی مکان کی مناسب ترین کرایہ مالیت محسوب کیجئے۔

مدت قبضہ 9 ماہ مناسب ترین مارکٹ کرایہ 16000 روپۓ ماہانہ

رینٹ کنٹرول ایکٹ کے تحت طۓ کردہ معیاری کرایہ 14000 روپۓ ماہانہ

مالی کی تنخواہ جسکو کمپنی نے ادا کیا ہے 5000 روپۓ ماہانہ

چمن اور سوئمنگ پول کی دیکھ بھال کے مصارف 6000 روپۓ ماہانہ

6۔پرکویزٹس کی تعریف اور مفہوم کو بیان کیجئے۔

7۔مشخص الیہان کے مختلف زمروں کو بیان کیجئے۔

8۔غیر زرعی آمدنی کی مثالیں بیان کیجئے۔

سال سوم

انکم ٹیکس کے ابتدائی اُصول

مفوضہ کام.2

(اکائی 7تا13)

حصہ الف

درجہ ذیل سے کوئی دوسوالات کے جواب 30 سطروں میں لکھئے۔ (2x10=20)

1۔مسٹراحمدایک مکان کے مالک ہیں(جس پر رینٹ کنٹرول ایکٹ کااطلاق نہیں ہوتاجوماہانہ 15000 روپے پر کرایہ پر دیا گیا۔مکان کے بلدی ٹیکس 12000 روپے (میونسپل ویلیوکا10%) ہے۔جس کے منجملہ 7000 روپے کرایہ اداکرتا ہے موزوں ترین کرایہ 16000 روپے ماہانہ ہے مکان کی سالانہ مالیت کیا ہوگی۔

2۔مسٹرحسین نے اپنارہائشی مکان 3400000 روپے قیمت پرفروخت کیاجس کی لاگت 13 سال قبل 1600000 روپے تھی۔مکان کی فروخت کے بعداندروں 6ماہ اس نے نئے مکان کی تعمیرشروع کی۔ریٹرن ادخال کی تاریخ تک تعمیر پرخرچ کی رقم 1250000 روپے ہے اورریٹرن کے ادخال سے قبل سرمایہ منافع اسکیم کے تحت ڈپازٹ شدہ رقم 1200000 روپئے ہے۔سرمایہ منافع سے حاصل آمدنی معلوم کیجئے۔

3۔نقصانات کی تلافی اوربرآیندگی کے بارے میں آپ کیاجانتے ہیں۔

4۔زرمبادلہ کی آمدنیوں سے متعلق منہائیاں بیان کیجئے۔

حصہ ب

درجہ ذیل سے کوئی دوسوالات کے جواب دیجئے ہرجواب 15 سطروں سے زائدنہ ہو۔ (2x5=10)

5۔مسٹرشاہدکلکتہ کےایک خانگی انٹرپرائزکےتنخواہ یاب ملازم ہیں ان کی ماہانہ تنخواہ 80000 روپے ہے ان کومفت آراستہ مکان فراہم کیا گیا جس کوان کے آجر نے 15000 روپے ماہانہ کرایہ پرحاصل کیا۔آراستگی کی لاگت 150000 روپے شمار کی گئی۔اسکے علاوہ ان کو چوکیدار، مالی اورجاروب کش کی مفت خدمات فراہم ہیں جن کوآجر بطورمعاوضہ علی الترتیب 12400 روپے 12400 روپے اور 18000 روپے اداکرتا ہے ایک قطعہ زمین کی فروخت سے 100000 روپے سرمایہ منافع (مختصرمدتی) حاصل ہوا۔سال 2018 میں ان کوسرمایہ نقصان ہواجس کے منجملہ 60000 روپے کیاری فارورڈ کئے گئے۔

6۔خیراتی سرگرمیوں میں رضاکارانہ شرکت کی ہمت افزائی کیلئے مہنایاں کیا ہیں۔

7۔کل خام آمدنی کی تحسیب پرنوٹ لکھئے۔

8۔ازخود تشخیص کے بارے میں آپ کیاجانتے ہو؟